URDU

# نیو یارک شہر کی پرانی کار کے معاہدے کی منسوخی کا اختیار

کوئی پرانی کار خریدنا آپ کے ذریعہ کیا جانے والا ایک سب سے بڑا مالی التزام ہو سکتا ہے۔ نیو یارک شہر کے قانون کے تحت ڈیلروں کے لیے لازمی ہے کہ وہ آپ کو اس معاہدے کی منسوخی کا ایک اختیار دیں، جس میں آپ کو ہفتہ اور اتوار کے علاوہ ہفتے کے دو (2) کام کاج والے دن کے اندر معاہدے کو منسوخ کرنے کی اجازت ہو۔ یہ اختیار آپ کو ڈیلرشپ سے الگ معاہدے پر نظر ثانی کرنے کا وقت دیتا ہے۔ اس فارم کے سامنے اور پیچھے کی طرف درج شرائط اور ضوابط کو پڑھ لیں۔ معاہدے کی منسوخی کا یہ اختیار ایسی زبان میں ہونا ضروری ہے جس زبان میں آپ نے معاہدے پر گفت و شنید کی۔

| | |
|---|---|
| **خریدار کا نام اور پتہ**<br>("خریدار" یا "آپ" کا حوالہ) | **شریک خریدار کا نام اور پتہ**<br>("خریدار" یا "آپ" کا حوالہ) |
| **پرانی کار کے ڈیلر کا نام اور پتہ**<br>("ہم" یا "ہمارا" حوالہ) | **DCA کا لائسنس نمبر** |
| **آٹوموبائل کی وضاحت**<br>("آٹوموبائل" کا حوالہ)<br>سال: ساخت: ماڈل: گاڑی کا شناختی نمبر (VIN): | **تاریخ فروخت** |
| **منسوخ کرنے کی آخری تاریخ (تاریخ اور وقت)*** | |

***اگر آپ آخری تاریخ تک منسوخ نہیں کرتے ہیں تو آپ ایسا کرنے کے اپنے حق سے محروم ہو جاتے ہیں۔**

## شرائط و ضوابط

**منسوخی کا اختیار**: یہ فارم معاہدے کی منسوخی کے اختیار کی شرائط اور ضوابط کو بیان کرتا ہے۔ *اگر آپ قبول کرتے ہیں* تو آپ کو ہفتہ اور اتوار کے علاوہ ہفتے کے دو (2) کام کاج والے دنوں کے اندر خریداری کو منسوخ کرنے اور پورا ریفنڈ پانے کا حق حاصل ہے۔ *اگر آپ مسترد کرتے ہیں* تو آپ اس حق سے دستکش ہو جاتے ہیں۔ دستخط کرنے سے پہلے دونوں طرف پڑھ لیں۔

- فروخت کا معاہدہ منسوخ کرنے کے لیے، آپ کے لیے "فروخت کا معاہدہ منسوخ کرنے کا نوٹس" پر دستخط کرنا اور اوپر پیلے رنگ کے باکس میں درج تاریخ اور وقت تک اسے ذاتی طور پر ڈیلر کے حوالے کرنا ضروری ہے۔
- ڈیلر کار اور اس کا ٹائٹل تب تک اپنے پاس رکھتا ہے جب تک آپ یا تو تحریری شکل میں فروخت کا معاہدہ منسوخ کرنے سے منع نہ کر دیں یا آخری تاریخ سے پہلے کارروائی کرنے میں ناکام ہو کر فروخت کا معاہدہ منسوخ کرنے کے اپنے حق سے دستکش نہ ہو جائیں۔
- اگر آپ اس فارم میں مذکورہ شرائط اور ضوابط کی تعمیل کرتے ہوئے فروخت کے معاہدے کو منسوخ کرتے ہیں تو ڈیلر کے لیے آپ کو سیلز ٹیکس سمیت پورا ریفنڈ فوری طور پر دینا ضروری ہوگا۔
- آپ فروخت کو منسوخ کرنے اور پورا ریفنڈ پانے کے لیے تمام لازمی دستاویزات کی تکمیل کرنے سے اتفاق کرتے ہیں۔
- اگر آپ معاہدہ کی منسوخی کا اختیار قبول کر لیتے ہیں تو ڈیلر کار کی قیمت بڑھا نہیں سکتا یا کسی فیس کا اضافہ نہیں کر سکتا ہے *ٹریڈ-ان وہیکل کے معاملے کو چھوڑ کر*۔ **ٹریڈ-ان وہیکل کے لیے $100 قابل واپسی ڈپازٹ مطلوب ہوتا ہے اور $50 ناقابل واپسی فیس بھی مطلوب ہو سکتی ہے۔** ٹریڈ-ان وہیکلز کی شرائط و ضوابط کے لیے پشت پر ملاحظہ کریں۔
- ڈیلر کار خریدنے کی شرط کے بطور آپ سے معاہدہ کی منسوخی کا اختیار مسترد کرنے یا فروخت کے معاہدہ کی منسوخی مسترد کرنے کا مطالبہ نہیں کر سکتا ہے۔
- ڈیلر کے لیے دستخط کے ساتھ اس مکمل شدہ معاہدہ کی منسوخی کے اختیار والی دستاویز کی ایک کاپی آپ کو دینا ضروری ہے۔ اگر آپ فروخت کا معاہدہ منسوخ کرتے ہیں تو ڈیلر کے لیے فروخت کا معاہدہ منسوخ کرنے کے لیے آپ کی جمع کروائی ہوئی دستاویز کی کاپی آپ کو دینا ضروری ہے۔
- یہ منسوخی کا اختیار بصورت دیگر خریدار یا ڈیلر کے قانونی حقوق، فرائض، جوابدہی یا ذمہ داریوں کو متاثر یا اس میں ردوبدل نہیں کرتا ہے۔

**منسوخی کی آخری تاریخ**: ڈیلر کو (مذکورہ بالا پتہ پر) دستخط شدہ "فروخت کا معاہدہ منسوخ کرنے کا نوٹس" ذاتی طور پر مہیا کرنے کی آخری تاریخ اوپر پیلے رنگ کے باکس میں دکھائی گئی ہے۔ ڈیلر کی طے کردہ تاریخ اور وقت فروخت کے معاہدہ یا ریٹیل انسٹالمنٹ کانٹریکٹ پر آپ کے دستخط کرنے کے بعد، جو بھی بعد میں ہو، کام کاج کے دوسرے دن (قانونی تعطیلات کو چھوڑ کر) کاروبار بند ہونے سے پہلے کا نہیں ہو سکتا ہے۔

### ٹریڈ-ان وہیکلز: اضافی شرائط و ضوابط کے لیے اس فارم کی پشت پر ملاحظہ کریں۔

☐ **اختیار قبول کرنے کے لیے یہاں دستخط کریں**
ذیل میں دستخط کرکے، آپ اور ڈیلر اس فارم کے دونوں طرف مذکور شرائط اور ضوابط سے اتفاق کرتے ہیں۔ آپ تسلیم کرتے ہیں کہ آپ کو یہ فارم موصول ہو گیا ہے اور آپ نے اسے پڑھ لیا ہے۔ **یہاں دستخط کرکے، آپ اس اختیار کو قبول کرنے کا انتخاب کرتے ہیں۔***

_______________
*خریدار کے دستخط*

_______________
*شریک خریدار کے دستخط*

*آپ معاہدہ منسوخ نہیں کر رہے ہیں بلکہ معاہد کو منسوخ کرنے کا *اختیار* قبول کر رہے ہیں۔ معاہدہ منسوخ کرنے کے لیے، آپ کو ذیل کا نوٹس مکمل کرنا اور شرائط اور ضوابط پر عمل کرنا ہوتا ہے۔ پشت پر ملاحظہ کریں۔

☐ **اختیار مسترد کرنے کے لیے یہاں دستخط کریں**
ذیل میں دستخط کرکے، آپ اپنی کار کی خریداری منسوخ کرنے کے اپنے حق سے رضاکارانہ طور پر دستکش ہوتے ہیں۔ آپ تسلیم کرتے ہیں کہ آپ کو یہ فارم موصول ہو گیا ہے اور آپ نے اسے پڑھ لیا ہے۔ **یہاں دستخط کرکے، آپ اس اختیار کو مسترد کرنے کا انتخاب کرتے ہیں۔**

_______________
*خریدار کے دستخط*

_______________
*شریک خریدار کے دستخط*

---

### فروخت کا معاہدہ منسوخ کرنے کا نوٹس

☐ ذیل میں دستخط کرکے آپ اس فارم میں بیان کردہ پرانی کار کی خریداری منسوخ کرنے کا اپنا حق استعمال کر رہے ہیں۔
فروخت کا معاہدہ منسوخ کرنے کا اختیار استعمال کرنے کے لیے ذاتی طور پر ڈیلر کو نوٹس دے دینا کافی ہے۔
معاہدہ منسوخ کرنے کے لیے خریدار اور شریک خریداران کے لیے ذیل میں دستخط کرنا لازمی ہے۔

**منسوخی کی آخری تاریخ:** تاریخ _______________ وقت _______________

_______________
*خریدار کے دستخط* *تاریخ / وقت*

_______________
*شریک خریدار کے دستخط* *تاریخ / وقت*

### فروخت کے معاہدے کی منسوخی مسترد کرنے کا نوٹس

☐ ذیل میں دستخط کرکے آپ اس فارم میں بیان کردہ پرانی کار کی خریداری منسوخ کرنے کا اپنا حق مسترد کر رہے ہیں۔

_______________
*خریدار کے دستخط* *تاریخ / وقت*

_______________
*شریک خریدار کے دستخط* *تاریخ / وقت*

# اضافی شرائط و ضوابط

**ٹریڈ-ان وہیکلز:** اگر آپ نے گاڑی کی ٹریڈ-ان پر اتفاق کیا ہے اور آپ معاہدہ کی منسوخی کا اختیار قبول کرتے ہیں تو آپ کے لیے $100 کی قابل واپسی ڈپازٹ جمع کروانا ضروری ہے۔ آپ یا تو $50 کی ایک اضافی ناقابل واپسی فیس کے عوض منسوخی کی مدت کے دوران ٹریڈ-ان وہیکل کا **استعمال** کر سکتے ہیں یا ٹریڈ-ان وہیکل کو ڈیلر کے پاس تب تک **چھوڑ** سکتے ہیں جب تک آپ فروخت کا اپنا معاہدہ منسوخ نہ کر دیں یا اختیار کی میعاد ختم نہ ہو جائے۔ ذیل میں ایک اختیار منتخب کریں۔

☐ **گاڑی چھوڑنا:** ذیل میں دستخط کرکے،

میں، ________________________________ (نام)، ٹریڈ-ان وہیکل ڈیلر کے پاس تب تک چھوڑنے کا انتخاب کرتا ہوں جب تک فروخت کا معاہدہ منسوخ نہ ہو جائے یا میعاد ختم نہ ہو جائے۔

**ٹریڈ-ان وہیکل کی وضاحت**

سال: ساخت: ماڈل: گاڑی کا شناختی نمبر (VIN):

______________________________________________

میں درج ذیل شرائط اور ضوابط پر متفق ہوں:

- اگر میں فروخت کا معاہدہ منسوخ کرتا ہوں تو ڈیلر $100 کا ڈپازٹ اپنے پاس رکھ سکتا ہے مگر جس دن میں منسوخی کا اختیار استعمال کروں گا اس دن اس کے لیے ٹریڈ-ان وہیکل مجھ کو واپس کرنا ضروری ہے۔
- اگر میں فروخت کا معاہدہ منسوخ نہیں کرتا ہوں تو ڈیلر کو فوری طور پر $100 ڈپازٹ اس وقت واپس کرنا ہوگا جب میں فروخت کے معاہدے کے تحت اپنا خریدا ہوا آٹوموبائل اٹھا لوں گا۔
- ڈیلر میری ٹریڈ-ان وہیکل تب تک فروخت نہیں کر سکتا ہے جب تک میں نے منسوخی کا اختیار استعمال کرنے سے منع نہ کر دیا ہو یا اس کی میعاد ختم نہ ہو گئی ہو۔ اگر ڈیلر نادانستہ طور پر فروخت کر دیتا ہے یا بصورت دیگر ٹائٹل میری ٹریڈ-ان وہیکل کو منتقل کر دیتا ہے تو ڈیلر کے لیے خردہ بازار میں ٹریڈ-ان وہیکل کی قیمت یا اس کی مالیت جیسا کہ فروخت کے معاہدے میں ذکر ہے، جو بھی زیادہ ہو، مجھے واپس ادا کرنا ضروری ہوگا۔

*خریدار کے دستخط* *تاریخ / وقت* *شریک خریدار کے دستخط* *تاریخ / وقت*

*ڈیلر کے نمائندے کے دستخط* *تاریخ / وقت*

☐ **گاڑی استعمال کرنا:** ذیل میں دستخط کرکے،

میں، ________________________________ (نام)، ٹریڈ-ان وہیکل $50 ناقابل واپسی فیس کے عوض منسوخی کی مدت کے دوران استعمال کرنے کا انتخاب کرتا ہوں۔ میں درج ذیل شرائط اور ضوابط پر متفق ہوں:

- منسوخی کی مدت کے دوران، میں ٹریڈ-ان وہیکل میں 250 میل سے زیادہ ڈرائیو نہیں کر سکتا ہوں۔
- کسی معقول ٹوٹ پھوٹ کو چھوڑ کر، میرے لیے گاڑی کو اسی حالت میں واپس کرنا ضروری ہے جس میں میں نے اسے ٹریڈ-ان وہیکل کے بطور پیش کیا۔
- اگر میں شرائط اور ضوابط کی تعمیل کرتا ہوں اور میں فروخت کا معاہدہ منسوخ نہیں کرتا ہوں تو ڈیلر کو فوری طور پر $100 کا ڈپازٹ اس وقت واپس کرنا ہوگا جب میں فروخت کے معاہدے کے تحت اپنا خریدا ہوا آٹوموبائل اٹھا لوں گا۔
- اگر میں شرائط اور ضوابط کی تعمیل نہیں کرتا ہوں تو ڈیلر یا تو فروخت کا معاہدہ منسوخ کر سکتا ہے یا $100 کا ڈپازٹ اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔
- ڈیلر پر میری خریدی ہوئی کار مجھے تب تک دینا ضروری نہیں ہے جب تک کسی معقول ٹوٹ پھوٹ کو چھوڑ کر، میں ٹریڈ-ان وہیکل اسی حالت میں واپس نہ کردوں جس میں میں نے اسے ٹریڈ-ان وہیکل کے بطور پیش کیا تھا۔

*خریدار کے دستخط* *تاریخ / وقت* *شریک خریدار کے دستخط* *تاریخ / وقت*

*ڈیلر کے نمائندے کے دستخط* *تاریخ / وقت*

---

## ڈیلر کے ذریعہ خریدار کے انتخاب کا اعتراف

ہم اعتراف کرتے ہیں کہ آپ نے پرانی کار کے لیے اپنی فروخت کا معاہدہ ☐ **منسوخ کرنے** / ☐ **منسوخ نہیں کرنے** کا انتخاب کیا ہے۔

☐ آپ نے معاہدہ کی منسوخی کے اختیار کی شرائط اور ضوابط کی تعمیل کی ہے، جس میں منسوخی کی آخری تاریخ سے پہلے "فروخت کا معاہدہ منسوخ کرنے کے نوٹس" کی ذاتی ڈلیوری شامل ہے۔

☐ آپ درج ذیل طریقے (طریقوں) سے معاہدہ کی منسوخی کے اختیار کی شرائط اور ضوابط کی تعمیل کرنے میں ناکام ہو گئے ہیں اور نتیجتاً فروخت کے معاہدے کو منسوخ کرنے کے اپنے حق سے دستکش ہو رہے ہیں:

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

*ڈیلر کے نمائندے کے دستخط* *تاریخ / وقت* *DCA کا لائسنس نمبر*